سوال

(247) عورت کا پاجامہ یا پنٹ نماز کے لیے اتارنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا کوئی ایسا شرعی حکم موجود ہے جس کی رُو سے عورت کو نماز کے لیے پاجامہ/پنٹ اتار دینی لازم ہو۔ خیال رہے کہ عورت حجاب استعمال کرتی ہے اور پاجامہ/پنٹ بھی پاک ہوتی ہے۔ اگر یہ شرعی حکم ہے تو اس کی کیا حکمت ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شریعت میں ایسی کوئی دلیل موجود نہیں جس کی رُو سے عورت یا کسی اور کے لیے ضروری ہو کہ وہ نماز کے لیے پاجامہ/پنٹ اتار دیا کرے، جبکہ وہ پاک بھی ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 230

محدث فتویٰ